No. 144

Session 27th
No 144
Date 18-1-2018
Department Establishment

تحریک استحقاق

جناب سپیکر صاحب!

مورخہ 15 دسمبر 2017 کو میری توجہ دلاونوٹس، جو کہ اسٹینو گرافرز کی اپگریڈیشن سے متعلق تھی اور جس بابت سٹینڈنگ کمیٹی نمبر 25 پہلے ھی رپورٹ و سفارشات نافذالعمل کرنے کیلئے محکمہ عاملہ کو بھیج چکی تھی، پر حکومت نے ایڈوانس میں مبارکباد دیتے ہوئے چند دنوں میں خوشخبری سنانے کا عندیہ دیا اور ان سفارشات و رپورٹ پر من وعن عمل کرنے کی یقین دہانی کرائی کہ دنوں کے اندر اسٹینو گرافرز وغیرہ کی اپگریڈیشن کر دیجائے گی۔

لیکن مورخہ 28 دسمبر 2017 کے اخبارات میں 75000 سرکاری ملازمین کی اپگریڈیشن کی نوید میں سے اسٹینو گرافرز غائب تھے، جس کی یقین دہانی مجھے فلور آف دی ہاوس حکومت کی جانب سے دی گئی تھی۔ جس کی وجہ سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ھاوس کا استحقاق مجروح ہوا۔

اس ایوان کی قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کو در خور اعتنا نہیں سمجھا گیا بلکہ مزید براں اس مقدس ایوان میں بھی غلط بیانی کی گئی جو اس معزز ایوان کے شایان شان نہیں۔ نیز حکومت قائمہ کمیٹی کی سفارشات پر عمل نہ کر کے اسٹینو گرافرز، پی ایز و پرائیویٹ سکرٹریز کو ان کے جائز حق کو جو دو تین سال سے زیر التوا ہے کو محروم رکھنا چاہتی ہے جو کہ ان سرکاری ملازمین کے ساتھ سراسر زیادتی و ناانصافی ہے۔ لھذا میری اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے حوالہ کیا جائے

18/1

صاحبزادہ ثنا اللہ

ممبر صوبائی اسمبلی

خیبر پختونخوا

18/1

2-1/1